sabaqeurdu.com
ISSN-2321-1601
UGC CARE LISTED MONTHLY JOURNAL



राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद् قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان
National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education, Government of India
Farogh-e-Urdu Bhawan, FC-33/9, Institutional Area, Jasola, New Delhi-110025
Ph: 011-49539000, Fax: 011-49539099, Website: www.urducouncil.nic.in, E-mail: director@ncpul.in

26 جنوری یومِ جمہوریہ مبارک

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، حکومت ہند کی سرگرمیاں

- 18 تا 26 دسمبر 2021 کے درمیان 24 ویں قومی اردو کتاب میلے کا انعقاد مالیگاؤں، مہاراشٹر میں کیا گیا۔ 'نئی نسل اور اردو' اس کتاب میلے کا تھیم تھا۔ یہ اب تک کا سب سے بڑا اردو کتاب میلہ رہا جس میں تقریباً 1.25 کروڑ روپے کی کتابیں فروخت ہوئیں۔
- قومی اردو کونسل نے 'قومی تعلیمی پالیسی اور اردو تعلیم' کے موضوع پر 9؍اگست، 2021 کو آن لائن مذاکرہ کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے 'اردو مرثیے کی ادبی و ثقافتی روایت' کے موضوع پر 2؍ستمبر، 2021 کو آن لائن مذاکرہ کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے 'اردو قصائد کی ادبی و ثقافتی روایت' کے موضوع پر 15؍ستمبر، 2021 کو آن لائن مذاکرہ کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے 'بابائے قوم موہن داس کرم چند گاندھی کی نظر میں ہندوستان کا تصور' کے موضوع پر 30 ستمبر، 2021 کو آن لائن لیکچر کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اشتراک سے مدارس کے اساتذہ کا چھ روزہ آن لائن اورینٹیشن پروگرام 4-11 اکتوبر 2021 کو حیدرآباد میں منعقد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے 'آج کے ہندوستان کے لیے مولانا ابوالکلام آزاد کی وراثت' کے موضوع پر 11؍نومبر، 2021 کو آن لائن لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔
- قومی اردو کونسل نے شعبۂ اردو جموں یونیورسٹی کے اشتراک سے صوبہ جموں کے اردو صحافیوں اور صحافت کے طالب علموں کی صلاحیت سازی کے لیے پانچ روزہ ورکشاپ 26-30 نومبر، 2021 کو جموں میں منعقد کیا۔
- قومی اردو کونسل کا آدھے گھنٹے کا ہفتہ وار ٹیلی ویژن پروگرام 'اردو دنیا' ہر سنیچر کو رات 8:00 بجے اور ہر اتوار صبح 10:30 بجے نیوز 18 پر ٹیلی کاسٹ ہوتا ہے۔ اس پروگرام میں اردو زبان وادب، تہذیب وثقافت کی نمائندگی کرنے والی تقریبات کی جھلکیاں، قومی کونسل کی خبریں اور وزارت تعلیم کی اقلیتوں سے متعلق تعلیمی اسکیموں وغیرہ کی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔
- قومی اردو کونسل ان اردو اخبارات کی جانب سے یو این آئی کو مالی معاونت فراہم کرتی ہے جو یو این آئی اردو سروس کو سبسکرائب کرتے ہیں۔ یکم اپریل 2021 تا 31 دسمبر 2021 کے دوران 347 اخبارات کی جانب سے یو این آئی اردو سروس کو 1,64,57,500/- روپے کی مالی معاونت فراہم کی گئی۔
- قومی اردو کونسل کی اسکیم ''تھوک خریداری کتب، رسائل و جرائد'' کے تحت مالی سال 2021-22 میں تقریباً ایک کروڑ 9 لاکھ روپے کی اردو، عربی اور فارسی کتب و جرائد کی خریداری عمل میں آئی جن میں 294/ اردو کتابوں کے ساتھ 17 عربی و فارسی کتابیں اور 83 رسائل و جرائد شامل ہیں۔
- ''مالی تعاون اسکیم برائے اشاعت مسودات'' کے تحت مالی سال 2021-22 میں 335 مصنفین کو تقریباً ایک کروڑ 23 لاکھ روپے کی مالی امداد فراہم کی گئی۔
- ''مالی تعاون اسکیم برائے سمینار، کانفرنس اور ورکشاپ'' کے تحت کونسل نے مالی سال 2021-22 میں 268 رضا کار تنظیموں/ اداروں کو تقریباً ایک کروڑ 84 لاکھ روپے کی مالی معاونت کی۔
- قومی اردو کونسل نے اپنے اشاعتی پروگرام کے تحت مالی سال 2021-22 میں مختلف موضوعات پر 42 کتابیں اور نصاب کی 44 کتابیں شائع کی ہے۔ اس طرح کونسل کی مجموعی تعداد اشاعت 1443 سے متجاوز ہے۔
- سہ ماہی رسالہ 'فکر و تحقیق' کا ارتکاز تحقیقی موضوعات پر ہے۔ علمی وادبی حلقوں میں یہ علمی و تحقیقی مجلّہ قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اس میں کلاسیکی ادب، عالمی ادبیات، معاصر ادبی تحریکات و رجحانات پر مضامین شائع کیے جاتے ہیں۔ سالانہ زرتعاون 100 روپیہ ہے۔
- ماہنامہ 'اردو دنیا' ادب، سماج، ثقافت، سائنس، تکنالوجی اور دیگر عصری موضوعات پر مشتمل ایک مکمل مجلّہ ہے جس کے قارئین کا ایک بڑا حلقہ ہے۔ 'اردو دنیا کے خصوصی شماروں کو بھی ادبی حلقوں میں بے حد پسند کیا گیا۔ اس رسالے کا سالانہ زرِتعاون 150 روپے ہے۔
- ادب اطفال کو فروغ دینے کے لیے قومی اردو کونسل کا باتصویر رسالہ 'بچوں کی دنیا' آج صرف ہندوستان نہیں بلکہ پوری دنیا میں بچوں کا مقبول ترین رسالہ ہے۔ اس رسالہ میں بچوں کی ذہنی اور تحریری تربیت کے علاوہ دل چسپی کا سارا مواد موجود ہے۔ سالانہ زرتعاون 100 روپیہ ہے۔
- قومی اردو کونسل نے آدھی آبادی کے جذبات و احساسات کے ترجمان کے طور پر ماہنامہ 'خواتین دنیا' کا آغاز مارچ 2017 سے کیا ہے۔ رسالے میں خواتین کی نگارشات کے ساتھ ساتھ، آرائش و زیبائش، حسن وصحت اور لذیذ پکوان جیسے مستقل کالم بھی ہیں۔
- ekitaab کے نام سے کونسل نے ایک موبائل ایپ تیار کروایا ہے۔ اس ایپ کے ذریعے کونسل کی کتابوں کو موبائل، ٹیب لیٹ اور آئی پیڈ پر پڑھا جا سکتا ہے۔ آپ اس ایپ کو اپنے موبائل میں Play Store یا App Store کی مدد سے آسانی سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
- کونسل نے اردو کتابوں کا آن لائن مطالعہ کرنے کے لیے ایک ای لائبریری ویب سائٹ www.urdu-elibrary.com بھی تیار کروائی ہے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے کونسل کی کتابوں کا Unicode میں مطالعہ آپ اپنے کمپیوٹر پر آسانی کے ساتھ کر سکتے ہیں۔
- کونسل نے اپنی ویب سائٹ www.urducouncil.nic.in کو اردو پورٹل میں تبدیل کروایا ہے۔ اب محبان اردو اس پورٹل کے ذریعہ اردو کتابوں، اردو مضامین، ڈکشنری و اردو سیکھنے کے علاوہ بہت سی چیزوں کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔
- کشمیر میں پیپر میشی کے ہنر کو اردو کے ذریعے سیکھنے اور فروغ دینے کے لیے چھ مہینے کے کورس کو باقاعدہ ایک اسکیم کے طور پر منظوری دے دی ہے۔ جسے Srinagar CDI کے تعاون سے چلایا جا رہا ہے۔
- کونسل CBSC اور NCSSC کے ساتھ معاہدہ کر رہی ہے تاکہ جس کی مادری زبان اردو ہے اسے (Skill) اسکل کے ساتھ جوڑا جا سکے۔
- قومی اردو کونسل اردو کے فروغ کے لیے کمپیوٹر (CABA-MDTP) اردو، عربی اور فارسی ڈپلومہ کورسیز کا اہتمام کرتی ہے۔
- منسٹری آف اسکل ڈیولپمنٹ نے کونسل کے یک سالہ کورس سرٹیفکٹ اِن کمپیوٹر اپلیکیشنز، بزنس اکاؤنٹنگ اور ملٹی لنگول ڈی۔ٹی۔پی (CABA-MDTP) کو لیول۔4 کے تحت منظور کیا ہے۔
- فن خطاطی کے فروغ کے لیے قومی اردو کونسل کیلی گرافی و گرافک ڈیزائن کا تربیتی کورس چلاتی ہے۔ اس وقت کیلی گرافی و گرافک ڈیزائن کے 66 مراکز مختلف صوبوں میں قائم ہیں۔
- "BOOKS ON WHEEL" پروگرام کے تحت قومی اردو کونسل دور دراز علاقوں میں موبائل وین کے ذریعے قاری سے اپنا رشتہ استوار کر رہی ہے۔ جنوری 2022 میں کونسل کی موبائل وین نے 53 ویں دورے کے تحت تلنگانہ، آندھرا پردیش اور کرناٹک میں گشت کیا ہے۔

ڈاکٹر شیخ عقیل احمد
ڈائرکٹر

One year Diploma course in CABA-MDTP · One year Certificate course in Persian Language · Two years Diploma Course in Functional Arabic · One year Certificate Course in Arabic Language · One year Diploma Course in Urdu Language

---

Regd. with the RNI No.:
UPURD/2016/67444

Urdu Monthly

SABAQEURDU

Postal Regd.NO. : Vsi(W)- 44/
2019-2021

VOLUME: 7, ISSUE: 1
JANUARY,2022

Infront of Police Chowki
Gopiganj-221303,Bhadohi
sabaqeurdu@gmail.com

M.:9919142411,9696486386
Whatsapp: 9919142411
Price per copy : Rs.100/-



فعال و عظیم ڈائرکٹر

پروفیسر شیخ عقیل احمد صاحب

یوم جمہوریہ کے موقع پر ترنگا کی عظمت کو دونوں ہاتھوں سے اوپر اٹھائے ہوئے ہیں
تفصیل صفحہ ا پر